اسلام آباد میں سفارتی مشنز کی جانب سے پاکستان میں جمہوری عمل کی حمایت

اسلام آباد (۸ مئی ۲۰۱۳ء)___ آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان، ناروے، سوئٹزرلینڈ، امریکہ اور یورپی یونین کے وفد نے اسلام آباد میں یورپی مشنز کے سربراہ متفقہ طورپر ۴۶۰۰ سے زائد قومی اسمبلی اور ۱۱۰۰۰سے زائد صوبائی اسمبلیوں کے امیدواروں اور ۸۶ ملین رجسٹرڈ ووٹروں کی جمہوریت سے وابستگی کا اعتراف کرتے ہیں اور پاکستان میں آزادانہ، قابل اعتماد اور شفاف انتخابات کیلئے دو ٹوک حمایت کا اظہار کرتے ہیں۔

ہم حالیہ تشدد کے واقعات کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کیساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور پاکستانی حکام کی انتخابات کیلئے سیکیورٹی کی فراہمی کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ دہشت گردوں کی جانب سے امیدواروں اور ان کے حامیوں کو دانستہ طور پر نشانہ بنانا تمام امیدواروں کے جمہوری حقوق، جمہوری اداروں ، نظام حکومت اور پاکستانی عوام کے آزادانہ طور پر نمائندوں کے انتخاب کے ذریعے حکومت میں شرکت کے بین الاقوامی تسلیم شدہ حقوق پر حملہ ہے۔ ہم پاکستان کے مذہبی رہنماؤں کی ووٹروں سےنمائندوں کے انتخاب کیلئے حق رائے دہی کے استعمال کی درخواست کی حمایت کرتے ہیں ،جس کی بڑی سیاسی جماعتوں نے بھی حمایت کی ہے۔

یہ پاکستان میں جمہوریت کی مسلسل ترقی کیلئے از حد ضروری ہےکہ پاکستان بھر میں مرد و خواتین الیکشن لڑنے اور بلاخوف و خطر حق رائے دہی استعمال کرنے کے حوالے سے اپنی توانائیوں استعمال کرنے کیلئے خود کو محفوظ تصور کریں۔

۲۰۱۳ ءکے عام انتخابات پاکستان کیلئے تاریخ ساز لمحہ ہےجب سیاسی اختیار ایک منتخب حکومت سے دوسری حکومت کو منتقل کیا جا رہا ہے اور یہ صرف آزادانہ ،قابل اعتبار اورشفاف انتخاب کے ذریعے ہی ممکن ہے کہ پاکستانی عوام کے اس حق کا مناسب احترام کیا جائے۔